# Islamiat Elective - FA Part 2 Islamiat Elective Chapter 2 Online Test Short Questions Preparation

Q1. کونسے شہر میں فرشتے اتارے گئے؟

**Ans 1:** دو فرشتے ہاروت اور ماروت "زہر بابل" میں اتارے گئے ہیں.

---

Q2. وَلَقَدُ اتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰب کا ترجمہ لکھیں.

**Ans 1:** ترجمہ :"اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب عطاکی".

---

Q3. ترجمہ کریں."وَلَقد انزلنا الیکَ اٰیٰت بینت".

**Ans 1:** ترجمہ:"اور ہم نے تم پر واضح نشانیاں نازل کیں".

---

Q4. سامری کون تھا؟

**Ans 1:** سامری ایک بہت بڑا جادوگر تھا،جب حضرت موسی(ع) اپنی قوم کو اپنے بھائی ہارون(ع) کے سپرد کر کے کوہ طور پر گئے تو سامری نے پگھلا کر بچھڑا بنایا اور قوم کے سامنے پیش کر کے کہا یہ رتمہارا خدا ہے،اس کی پرستش کروچنانچہ انہوں نے سامری کی اس بار کو بلا حیل و حجت کے مان کر بچھڑے کی پر ستش شروع کر دی

---

Q5. حضور(ص) کی یہود کے بارے میں کیا خواہش تھی؟

**Ans 1:** حضور(ص) کی یہ خواہش تھی کہ یہ لوگ ایمان لے آئیں تاکہ ان کو دیکھ کر دوسرے لوگ بھی ایمان لائیں،حضور(ص) کی مدلل اور خوبصورت تبلیغ کے باوجود وہ ایمان نہ لائے اور نہ ہی وہ ایمان لانے والے لگتے تھے،کیونکہ انکو ہزاروں سال پہلے کے اپنے تحریف شدہ دین پر فخر تھا.جسے وہ اپنی خواہشات پر ڈھال چکے تھے.

---

Q6. معانی تحریر کریں.بُکۡمٌ -عُمۡیٌ

**Ans 1:** معانی : گونگے اندھے

---

Q7. سورۃ البقرہ کی وجہ تسمیہ بیان کریں؟

**Ans 1:** بقرہ کے معنی گائے کے ہیں کیونکہ ان میں گائے کا ذکر آیا ہے جس کو اللہ نے بنی اسرائیل کو ذبح کرنے کا حکم دیا تھا.یہ واقع سبق آموز ہے.جس سے بنی اسرائیل کی ذہنی اور اخلاقی پستی کا اندازہ ہوتا ہے تاکہ مسلمان اس سے عبرت پکڑیں کیونکہ جوبھی ایسا کرے کا سزا کا مستحق ہوگا.

---

Q8. بیت اللہ کی تعمیر کس نے کی تھی؟

**Ans 1:** بیت اللہ کی پہلی تعمیر حضرت آدم(ع) نے کی تھی.

---

Q9. تخلیق انسانی کا کیا مقصد ہے؟

**Ans 1:** انسانی تخلیق کا مقصد عبادت الہی ہے.جیسا کہ ارشاد ربانی ہے ترجمہ : "اور ہم نہیں پیدا کیا جنس وانس کومگر اپنی عبادت کےلئے"پس تخلیق انسانی کا مقصد واضح ہوگیا،کہ جن وانس کی تخلیق کا مقصد صرف اللہ تعالی کی عبادت ہے.

Q10. اصحاب النار سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** اصحاب کا مطالب ہے لوگ،النار کا مطلب ہے آگ،یعنی آگ کے لوگ،یعنی جہنمی-اس سے عیسائی ،مشرک اور یہودی لوگوں سےمراد لئے گئے ہیں.